زیارت عاشورہ

(واضح رہے کہ روز عاشورا جو زیارتیں نقل کی گئی ہیں وہ بہت سی ہیں لیکن ہم اختصار کی بنا پر صرف دو زیارتیں نقل کر رہے ہیں اور باب دوم میں اعمال عاشورہ کے ذیل میں بھی ایک زیارت نقل کی جا چکی ہے ان مطالب کے ساتھ جو اس جگہ سے بھی مناسبت رکھتے ہیں۔ مذکورہ دو زیارتوں میں سے پہلی زیارت عاشورۂ معروفہ ہے جو نزدیک و دور ہر جگہ سے پڑھی جاتی ہے اور اس کی داستان یوں ہے کہ شیخ طوسیؒ نے مصباح میں ذکر کیا ہے کہ محمد بن اسماعیل بن بزیع نے صالح بن عقبہ سے ان کے باپ کے حوالہ سے امام محمد باقرؑ سے روایت کی ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ جو شخص دسویں محرم کو امام حسینؑ کی زیارت کرے وہ روزِ قیامت پروردگار سے دو ہزار حج، دو ہزار عمرہ اور دو ہزار جہاد کے ساتھ ملاقات کرے گا جو اس نے رسولؐ خدا اور ائمہؑ طاہرینؑ کے ساتھ انجام دیئے ہوں۔ راوی نے عرض کیا کہ اس کے لئے کیا ثواب ہے جو کربلا سے باہر کسی دوسرے مقام پر ہو اور اس کے لئے کربلا جانا ممکن نہ ہو۔ فرمایا کہ اگر ایسا ہو تو صحرا میں یا پشت بام پر چلا جائے اور حضرت کی قبر کی طرف اشارہ کرکے دشمنوں پر لعنت کرے اور سلام کے بعد دو رکعت نماز ادا کرے اور یہ سارے کام زوال آفتاب سے پہلے انجام دے۔ پھر امام حسینؑ پر گریہ کرے اور اپنے گھر والوں کو بھی اس کا حکم دے اگر تقیہ کا زمانہ نہ ہو اور اپنے گھر میں عزاداری برپا کرے اور رنج و غم کا اظہار کرے اور ایک دوسرے کو تعزیت پیش کرے۔

QuranoitratAcademy 0308-2499033

زیارت عاشورہ

فرمایا کہ اس بات کا میں ضامن ہوں کہ پروردگار عالم اس عمل کے انجام دینے والے کو یہ تمام ثواب عنایت فرما دے گا۔ میں نے عرض کیا کہ آپ ضامن ہیں تمام ثواب کے لئے اور کفیل ہیں سارے اجر کے لئے۔ فرمایا بیشک میں ضامن اور کفیل ہوں اس شخص کے لئے جس نے ان تمام اعمال کو انجام دیا ہو۔ اس نے عرض کی کہ اس تعزیت کا طریقہ کیا ہوگا؟ فرمایا کہ یوں کہے۔)

اَعۡظَمَ اللهُ اُجُوۡرَنَا وَاُجُوۡرَكُمۡ بِمُصَابِنَا بِالۡحُسَيۡنِ عَلَيۡهِ السَّلَامُ وَجَعَلَنَا وَاِيَّاكُمۡ مِنَ الطَّالِبِيۡنَ بِثَارِهٖ مَعَ وَلِيِّهٖ الۡاِمَامِ الۡمَهۡدِيِّ مِنۡ اٰلِ مُحَمَّدٍ عَلَيۡهِمُ السَّلَامُ۔

(اور اگر ممکن ہو کہ اس دن کسی دنیاوی کام کے لئے باہر نہ جائے تو ایسا کرنا چاہیئے کہ یہ دن انتہائی منحوس ہے جس دن کوئی بھی حاجت پوری ہونے والی نہیں ہے اور اگر پوری ہو بھی جائے تو اس میں کوئی برکت نہ ہو گی اور کوئی خیر دیکھنے میں نہ آئے گا۔ اس کے علاوہ اپنے گھر کے لئے اس دن کوئی سامان بھی ذخیرہ نہیں کرنا چاہیئے کہ جو شخص اس دن سامان کا ذخیرہ کرلے گا وہ ہرگز برکت نہ دیکھے گا نہ اپنے لئے اور نہ اپنے اہل کے لئے

QuranoitratAcademy 0308-2499033

زیارت عاشورہ

اور جو انسان ان اعمال کو انجام دے گا پروردگار اس کے لئے ہزار حج، ہزار عمرہ، اور ہزار جہاد کا ثواب لکھ دے گا جو رسولؐ خدا کے ساتھ انجام دیئے ہوں او ر اسے تمام پیغمبر، رسولؐ، اوصیاء، صدیق اور شہید کا ثواب عنایت فرمائے گا جو راہِ خدا میں قربان ہوئے ہوں اس وقت سے جب سے یہ کائنات پیدا ہوئی ہے اور جب تک قیامت نہ آجائے۔ صالح بن عقبہ اور سیف بن عمیر کہتے ہیں کہ علقمہ بن محمد خضرمی نے بیان کیا کہ میں نے امام باقرؑ سے عرض کیا کہ آپ مجھے وہ دعا تعلیم کریں جسے میں روز عاشور پڑھوں، جب بھی امام حسینؑ کی زیارت کروں اور وہ دعا جو اس وقت پڑھوں جب حضرت کی قریب سے زیارت نہ کر سکوں اور دور سے اشارہ کر کے سلام کروں۔ آپ نے فرمایا کہ اے علقمہ جب بھی تم زیارت کرنا چاہو تو دو رکعت نماز پڑھو۔ اس کے بعد آنحضرت کی قبر کی طرف اشارہ کرتے وقت تکبیر کے بعد یہ زیارت پڑھو تو یقیناً ایسا کرنے کے بعد گویا تم نے وہ دعا کی ہے جسے زیارت کرنے والے ملائکہ پڑھتے ہیں اور پروردگار تمھارے لئے ہزار ہزار درجے لکھ دے گااور تمہارا شمار ان لوگوں کے ساتھ ہو گا جو امام حسینؑ کے ساتھ قربان ہو گئے ہوں اور روزِ قیامت شہیدوں میں محسوب کئے جاؤ گے اور تمہارے واسطے ہر پیغمبر یا رسول کا وہ ثواب لکھا جائے گا جو امام حسینؑ کی زیارت سے حاصل ہوا ہو روزِ شہادت سے آج تک۔ سلام کا طریقہ یہ ہے۔)

QuranoitratAcademy 0308-2499033

زیارت عاشورہ

اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا اَبَا عَبْدِ اللهِ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا بْنَ رَسُوْلِ اللهِ اَلسَّلَامُ
عَلَيْكَ يَا بْنَ اَمِيْرِ الْمُؤْمِنِيْنَ وَ ابْنَ سَيِّدِ الْوَصِيِّيْنَ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا
بْنَ فَاطِمَةَ سَيِّدَةِ نِسَآءِ الْعَالَمِيْنَ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا ثَارَ اللهِ وَ ابْنَ
ثَارِهٖ وَ الْوِتْرَ الْمَوْتُوْرَ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ وَ عَلَى الْاَرْوَاحِ الَّتِىْ حَلَّتْ بِفِنَآئِكَ
عَلَيْكُمْ مِنِّىْ جَمِيْعًا سَلَامُ اللهِ اَبَدًا مَا بَقِيْتُ وَ بَقِىَ اللَّيْلُ وَ النَّهَارُ يَا
اَبَا عَبْدِ اللهِ، لَقَدْ عَظُمَتِ الرَّزِيَّةُ وَ جَلَّتْ وَ عَظُمَتِ الْمُصِيْبَةُ بِكَ عَلَيْنَا وَ
عَلٰى جَمِيْعِ اَهْلِ الْاِسْلَامِ وَ جَلَّتْ وَ عَظُمَتْ مُصِيْبَتُكَ فِى السَّمٰوَاتِ عَلٰى
جَمِيْعِ اَهْلِ السَّمٰوَاتِ فَلَعَنَ اللهُ اُمَّةً اَسَّسَتْ اَسَاسَ الظُّلْمِ وَ الْجَوْرِ
عَلَيْكُمْ اَهْلَ الْبَيْتِ وَ لَعَنَ اللهُ اُمَّةً دَفَعَتْكُمْ عَنْ مَقَامِكُمْ وَ اَزَالَتْكُمْ
عَنْ مَرَاتِبِكُمُ الَّتِىْ رَتَّبَكُمُ اللهُ فِيْهَا

QuranoitratAcademy 0308-2499033

زیارت عاشورہ

وَلَعَنَ اللهُ اُمَّةً قَتَلَتْكُمْ وَلَعَنَ اللهُ الْمُمَهِّدِيْنَ لَهُمْ بِالتَّمْكِيْنِ مِنْ
قِتَالِكُمْ بَرِئْتُ اِلَى اللهِ وَاِلَيْكُمْ مِنْهُمْ وَ اَشْيَاعِهِمْ وَ اَتْبَاعِهِمْ وَ اَوْلِيَآئِهِمْ
يَا اَبَا عَبْدِ اللهِ اِنِّيْ سِلْمٌ لِمَنْ سَالَمَكُمْ وَ حَرْبٌ لِمَنْ حَارَبَكُمْ اِلٰى يَوْمِ
الْقِيٰمَةِ وَلَعَنَ اللهُ اٰلَ زِيَادٍ وَ اٰلَ مَرْوَانَ وَلَعَنَ اللهُ بَنِيْ اُمَيَّةَ قَاطِبَةً وَ
لَعَنَ اللهُ بْنَ مَرْجَانَةَ وَلَعَنَ اللهُ عُمَرَ بْنَ سَعْدٍ وَلَعَنَ اللهُ شِمْرًا، وَلَعَنَ
اللهُ اُمَّةً اَسْرَجَتْ وَ اَلْجَمَتْ وَتَنَقَّبَتْ لِقِتَالِكَ بِاَبِيْ اَنْتَ وَ اُمِّيْ لَقَدْ عَظُمَ
مُصَابِيْ بِكَ فَاَسْئَلُ اللهَ الَّذِيْ اَكْرَمَ مَقَامَكَ وَ اَكْرَمَنِيْ اَنْ يَّرْزُقَنِيْ
طَلَبَ ثَارِكَ مَعَ اِمَامٍ مَنْصُوْرٍ مِنْ اَهْلِ بَيْتِ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَ
اٰلِهٖ اَللّٰهُمَّ اجْعَلْنِيْ عِنْدَكَ وَجِيْهًا بِالْحُسَيْنِ عَلَيْهِ السَّلَامُ فِي الدُّنْيَا وَ
الْاٰخِرَةِ يَا اَبَا عَبْدِ اللهِ اِنِّيْ اَتَقَرَّبُ اِلَى اللهِ وَاِلٰى رَسُوْلِهٖ وَاِلٰى

QuranoitratAcademy 0308-2499033

زیارت عاشورہ

اَمِیْرِ الْمُؤْمِنِیْنَ وَ اِلٰی فَاطِمَةَ وَ اِلَی الْحَسَنِ وَ اِلَیْكَ بِمُوَالَاتِكَ وَ بِالْبَرَاۗئَةِ

مِمَّنْ اَسَّسَ اَسَاسَ ذٰلِكَ وَ بَنٰی عَلَیْهِ بُنْیَانَهٗ وَ جَرٰی فِیْ ظُلْمِهٖ وَ جَوْرِهٖ

عَلَیْكُمْ وَ عَلٰی اَشْیَاعِكُمْ بَرِئْتُ اِلَی اللهِ وَ اِلَیْكُمْ مِنْهُمْ وَ اَتَقَرَّبُ اِلَی اللهِ ثُمَّ

اِلَیْكُمْ بِمُوَالَاتِكُمْ وَ مُوَالَاةِ وَلِیِّكُمْ وَ بِالْبَرَاۗئَةِ مِنْ اَعْدَاۗئِكُمْ وَ النَّاصِبِیْنَ

لَكُمُ الْحَرْبَ وَ بِالْبَرَاۗئَةِ مِنْ اَشْیَاعِهِمْ وَ اَتْبَاعِهِمْ اِنِّیْ سِلْمٌ لِمَنْ سَالَمَكُمْ

وَ حَرْبٌ لِمَنْ حَارَبَكُمْ وَ وَلِیٌّ لِمَنْ وَالَاكُمْ وَ عَدُوٌّ لِمَنْ عَادَاكُمْ فَاَسْئَلُ

اللهَ الَّذِیْ اَكْرَمَنِیْ بِمَعْرِفَتِكُمْ وَ مَعْرِفَةِ اَوْلِیَاۗئِكُمْ وَ رَزَقَنِیَ الْبَرَاۗئَةَ

مِنْ اَعْدَاۗئِكُمْ اَنْ یَجْعَلَنِیْ مَعَكُمْ فِی الدُّنْیَا وَ الْاٰخِرَةِ وَ اَنْ یُّثَبِّتَ لِیْ عِنْدَ

كُمْ قَدَمَ صِدْقٍ فِی الدُّنْیَا وَ الْاٰخِرَةِ

زیارت عاشورہ

وَ اَسْئَلُہُ اَنْ یُّبَلِّغَنِی الْمَقَامَ الْمَحْمُودَ لَکُمْ عِنْدَ اللّٰہِ وَ اَنْ یَّرْزُقَنِیْ طَلَبَ ثَارِیْ مَعَ اِمَامٍ ھُدًی ظَاھِرٍ نَاطِقٍ بِالْحَقِّ مِنْکُمْ وَ اَسْئَلُ اللّٰہَ بِحَقِّکُمْ وَ بِالشَّاْنِ الَّذِیْ لَکُمْ عِنْدَہٗ اَنْ یُّعْطِیَنِیْ بِمُصَابِیْ بِکُمْ اَفْضَلَ مَا یُعْطِیْ مُصَابًا بِمُصِیْبَتِہٖ مُصِیْبَۃً مَا اَعْظَمَھَا وَ اَعْظَمَ رَزِیَّتَھَا فِی الْاِسْلَامِ وَ فِیْ جَمِیْعِ اَھْلِ السَّمٰوَاتِ وَ الْاَرْضِ اَللّٰھُمَّ اجْعَلْنِیْ فِیْ مَقَامِیْ ھٰذَا مِمَّنْ تَنَالُہُ مِنْکَ صَلَوَاتٌ وَ رَحْمَۃٌ وَ مَغْفِرَۃٌ اَللّٰھُمَّ اجْعَلْ مَحْیَایَ مَحْیَا مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِ مُحَمَّدٍ، وَ مَمَاتِیْ مَمَاتَ مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِ مُحَمَّدٍ اَللّٰھُمَّ اِنَّ ھٰذَا یَوْمٌ تَبَرَّکَتْ بِہٖ بَنُوْ اُمَیَّۃَ وَ ابْنُ اٰکِلَۃِ الْاَکْبَادِ اللَّعِیْنُ ابْنُ اللَّعِیْنِ عَلٰی لِسَانِکَ وَ لِسَانِ نَبِیِّکَ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَ اٰلِہٖ

QuranoitratAcademy 0308-2499033

زیارت عاشورہ

فِیْ كُلِّ مَوْطِنٍ وَ مَوْقِفٍ وَقَفَ فِیْهِ نَبِیُّكَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَ اٰلِهٖ اَللّٰهُمَّ

الْعَنْ اَبَا سُفْیَانَ وَ مُعَاوِیَةَ وَ یَزِیْدَ بْنَ مُعَاوِیَةَ عَلَیْهِمْ مِنْكَ اللَّعْنَةُ

اَبَدَ الْاٰبِدِیْنَ وَ هٰذَا یَوْمٌ فَرِحَتْ بِهٖ اٰلُ زِیَادٍ وَ اٰلُ مَرْوَانَ بِقَتْلِهِمُ

الْحُسَیْنَ صَلَوَاتُ اللّٰهِ عَلَیْهِ اَللّٰهُمَّ فَضَاعِفْ عَلَیْهِمُ اللَّعْنَ مِنْكَ وَ

الْعَذَابَ الْاَلِیْمَ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَتَقَرَّبُ اِلَیْكَ فِیْ هٰذَا الْیَوْمِ وَ فِیْ مَوْقِفِیْ

هٰذَا وَ اَیَّامِ حَیٰوتِیْ بِالْبَرَائَةِ مِنْهُمْ وَ اللَّعْنَةِ عَلَیْهِمْ وَ بِالْمُوَالَاتِ

لِنَبِیِّكَ وَ اٰلِ نَبِیِّكَ عَلَیْهِ وَ عَلَیْهِمُ السَّلَامُ۔

QuranoitratAcademy 0308-2499033

زیارت عاشورہ

سو مرتبہ کہے

اَللّٰھُمَّ الْعَنْ اَوَّلَ ظَالِمٍ ظَلَمَ حَقَّ مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِ مُحَمَّدٍ، وَ اٰخِرَ تَابِعٍ لَہٗ عَلٰی ذٰلِکَ اَللّٰھُمَّ الْعَنِ الْعِصَابَۃَ الَّتِیْ جَاھَدَتِ الْحُسَیْنَ (عَلَیْہِ السَّلَامُ) وَ شَایَعَتْ وَ بَایَعَتْ وَ تَابَعَتْ عَلٰی قَتْلِہٖ، اَللّٰھُمَّ الْعَنْھُمْ جَمِیْعًا۔

اسکے بعد دوبارہ سو مرتبہ کہے

اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا اَبَا عَبْدِ اللّٰہِ وَعَلَی الْاَرْوَاحِ الَّتِیْ حَلَّتْ بِفِنَآئِکَ عَلَیْکَ مِنِّیْ سَلَامُ اللّٰہِ اَبَدًا مَّا بَقِیْتُ وَ بَقِیَ اللَّیْلُ وَ النَّھَارُ وَ لَا جَعَلَہُ اللّٰہُ اٰخِرَ الْعَھْدِ مِنِّیْ لِزِیَارَتِکُمْ، اَلسَّلَامُ عَلَی الْحُسَیْنِ وَ عَلٰی عَلِیِّ بْنِ الْحُسَیْنِ وَ عَلٰی اَوْلَادِ الْحُسَیْنِ وَ عَلٰی اَصْحَابِ الْحُسَیْنِ۔

QuranoitratAcademy 0308-2499033

زیارت عاشورہ

(پھر یوں دعا کرے)

اَللّٰھُمَّ خُصَّ اَنْتَ اَوَّلَ ظَالِمٍ بِاللَّعْنِ مِنِّیْ وَابْدَأْ بِہٖ اَوَّلًا ثُمَّ الثَّانِیْ وَ

الثَّالِثَ وَ الرَّابِعَ اَللّٰھُمَّ الْعَنْ یَزِیْدَ خَامِسًا وَ الْعَنْ عُبَیْدَ اللہِ بْنَ زِیَادٍ

وَ ابْنَ مَرْجَانَۃَ وَ عُمَرَبْنَ سَعْدٍ وَ شِمْرًا وَ اٰلَ اَبِیْ سُفْیَانَ وَ اٰلَ زِیَادٍ وَ اٰلَ

مَرْوَانَ اِلٰی یَوْمِ الْقِیَامَۃِ۔

(اس کے بعد سجدہ میں جا کر کہے)

اَللّٰھُمَّ لَکَ الْحَمْدُ حَمْدَ الشَّاکِرِیْنَ لَکَ عَلٰی مُصَابِھِمْ اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ

عَلٰی عَظِیْمِ رَزِیَّتِیْ اَللّٰھُمَّ ارْزُقْنِیْ شَفَاعَۃَ الْحُسَیْنِ (عَلَیْہِ السَّلَامُ)

یَوْمَ الْوُرُوْدِ وَ ثَبِّتْ لِیْ قَدَمَ صِدْقٍ عِنْدَکَ مَعَ الْحُسَیْنِ وَ اَصْحَابِ

الْحُسَیْنِ، الَّذِیْنَ بَذَلُوْا مُھَجَھُمْ دُوْنَ الْحُسَیْنِ عَلَیْہِ السَّلَامُ۔

(علقمہ کہتے ہیں کہ حضرت نے فرمایا کہ اگر ممکن ہو کہ روزانہ اپنے گھر ہی سے اس زیارت کے ساتھ حضرت کی زیارت کرو تو تمہارے واسطہ یہ سارا ثواب ہو جائے گا۔)

f QuranoitratAcademy 0308-2499033

زیارت عاشورہ

سلام ہو آپ پر اے ابو عبد اللہ۔ سلام ہو آپ پر اے فرزند رسولؐ خدا، سلام ہو آپ پر اے فرزند امیر المومنینؑ اور اے فرزند سید الوصیین۔ سلام ہو آپ پر فرزند فاطمہؑ سیدۂ نساءِ عالمین۔ سلام ہو آپ پر اے شہید راہِ خدا اور فرزند شہید راہِ خدا جس کا انتقام خدا کے ذمہ ہے۔ سلام ہو آپ پر اور ان ارواح پر جو آپ کی بارگاہ میں وارد ہیں۔ آپسب پر اللہ کا سلام جب تک میں باقی رہوں اور یہ لیل و نہار باقی رہی۔

اے ابی عبد اللہ یہ حادثہ بہت عظیم ہے اور یہ مصیبت بہت سخت ہے ہمارے لئے بھی اور تمام اہلِ اسلام کے لئے بھی اور یہ مصیبت بہت بڑی اور جلیل و عظیم ہے آسمانوں پر آسمان والوں کے لئے۔ اللہ اس قوم پر لعنت کرے جس نے آپ اہلبیتؑ پر ظلم و جور کئے۔اور اس قوم پر لعنت کرے جس نے آپ کوآپ کے مقام سے ہٹا دیا

QuranoitratAcademy 0308-2499033

زیارت عاشورہ

اور اس جگہ سے گرا دیا جس منزل پر خدا نے آپ کو رکھا تھا۔ اللہ لعنت کرے اس قوم پر جس نے آپ کو قتل کیا اور قتل کی زمین ہموار کی۔ قتال کا سامان فراہم کی۔ میں اللہ اور آپ کی بارگاہ میں ان سب سے ان کے ماننے والوں سے اور ان کے اتباع اور اولیاء سے بری اور بیزار ہوں۔ اے حضرت ابو عبد اللہ میری صلح اس سے ہے جس سے آپ کی صلح ہے اور میری جنگ اس سے ہے جس سے آپ کی جنگ ہے روز قیامت تک۔ اللہ آل زیاد آل مروان پر لعنت کرے اور تمام بنی امیہ پر لعنت کرے۔ اللہ لعنت کرے ابن مرجانہ پر، عمر بن سعد پر اور شمر پر۔ اللہ لعنت کرے اس قوم پر جس نے زین کسا یا لگام لگائی یا نقاب ڈالی آپ سے جنگ کرنے کے لئے۔ میرے ماں باپ قربان۔ آپ کی ہر مصیبت میرے لئے بہت عظیم ہے۔ میں اللہ سے سوال کرتا ہوں

QuranoitratAcademy 0308-2499033

زیارت عاشورہ

جس نے آپ کے مقام کو بزرگ بنایا ہے اور مجھے آپ کے ذریعہ کرامت دی ہے کہ مجھے توفیق دے کہ میں آپ کے خون کا بدلہ لے سکوں اس امام منصور کے ساتھ جو اہلبیتؑ کی فرد ہے۔ خدایا مجھے اپنی بارگاہ میں حسینؑ کے صدقہ میں آبرو مند بنا دینا دنیا و آخرت دونوں میں۔ اے ابو عبداللہ میں اللہ، رسولؐ، امیر المومنینؑ، فاطمہؑ اور حسنؑ اور آپ کا قرب چاہتا ہوں۔ آپ کی محبت کے ذریعہ اور ان سے بیزاری کے ذریعہ جنھوں نے ظلم کی بنیاد قائم کی اور اس پر عمارت تعمیر کی اور اس سلسلہ کو جاری رکھا آپ پر اور آپ کے چاہنے والوں پر۔ میں اللہ اور ان کی بارگاہ میں ان تمام لوگوں سے بری ہوں اور خدا کا قرب چاہتا ہوں۔ اس کے بعد آپ کا قرب چاہتا ہوں آپ کی محبت کے ذریعہ اور آپ کے اولیاء کی محبت کے ذریعہ اور آپ کے دشمنوں اور آپ سے جنگ کرنے والوں سے برائت کے ذریعہ

QuranoitratAcademy 0308-2499033

زیارت عاشورہ

اور ان کے پیروکاروں سے برائت کے ذریعہ میری صلح اس سے ہے جس سے آپ کی صلح ہے اور میری جنگ اس سے ہے جس سے آپ کی جنگ ہے۔ میں آپ کے دوستوں کا دوست اور آپ کے دشمنوں کو دشمن ہوں۔ میرا سوال اس پروردگار سے ہے جس نے مجھے آپ کی اور آپ کے اولیاء کی معرفت دی ہے اورآپ کے دشمنوں سے برائت کی توفیق دی ہے کہ مجھے دنیا و آخرت میں آپ کے ساتھ قرار دے دے اور آپ کی بارگاہ میں بلند درجات اور بلند منزل عطا فرما دے دنیا و آخرت میں اور مجھے اس مقام تک پہنچا دے جو آپ حضرات کے لئے ہے اور تقفیق دے کہ میں اس امام مہدیؑ کے ساتھ آپ کا انتقام لے سکوں جو حق کا اظہار کرنے والا ہے اور پروردگار سے میرا سوال آپ کے حق کے وسیلہ سے اور آپ کی شان کے وسیلہ سے یہ ہے کہ مجھے اس مصیبت میں وہ بہترین اجر عطا فرمائے جو

QURAN O ITRAT ACADEMY

f QuranoitratAcademy 0308-2499033

زیارت عاشورہ

کسی بھی مصیبت زدہ کو کسی مصیبت میں عطا فرمایا ہے اف یہ مصیبت کس قدر عظیم ہے اسلام اور اہلِ اسلام کے لئے اور تمام آسمان و زمین کے لئے خدایا مجھے اس مقام پر ان لوگوں میں قرار دے دے جن پر تیری صلوات اور رحمت اور مغفرت ہو۔ خدایا میری حیات کو محمدؐ و آل محمدؐ کی زندگی اور میری موت کو ان کے راستہ پر قرار دینا۔ خدایا یہ وہ دن ہے جس کو بنی امیہ اور جگر خوارہ کی اولاد نے باعثِ برکت بنا لیا تھا۔ یہ سب ملعون اور فرزند ملعون تھے تیری اور تیرے پیغمبرؐ کی زبان پر۔ ہر اس مقام پر اور ہر اس منزل پر جہاں تیرے پیغمبرؐ نے قیام فرمایا ہے۔ خدایا لعنت فرما ابو سفیان، معاویہ اور یزید بن معاویہ پر (ان سب پر تیری لعنتیں ہمیشہ ہمیشہ رہیں۔) یہ وہ دن ہے جس میں آل زیاد و آل مروان نے حسینؑ کو قتل کرنے کی بنا پر خوشی منائی۔

QuranoitratAcademy 0308-2499033

زیارت عاشورہ

خدایا ان سب پر اپنی لعنت اور عذاب میں اضافہ کر دے۔ خدایا میں آج کے دن اس مقام پر اور زندگی بھر تیرا قرب چاہتا ہوں ان سب سے بیزاری اور لعنت کے ذریعہ اور تیرے نبی اور آل نبیؑ سے محبت کے ذریعہ۔ (ان سب پر تیرا سلام)

(پھر سو مرتبہ کہے)

خدایا اس پہلے ظالم پر لعنت کر جس نے محمدؐ و آل محمدؐ پر ظلم کیا ہے اور اس کا اتباع کرنے والے ہیں۔ خدایا اس گروہ پر لعنت کر جس نے حسینؑ سے جنگ کی اور جس نے جنگ پر اس سے اتفاق کر لیا اور قتل حسینؑ پر ظالموں کی بیعت کر لی۔ خدایا ان سب پر لعنت کر۔

(اس کے بعد سو مرتبہ کہے)

سلام ہو آپ پر اے اباعبداللہ اور ان کی ارواح پر جو آپ کی بارگاہ میں نازل ہوئی ہیں۔ آپ پر میرا سلام ہمیشہ جب تک میں زندہ رہوں اور شب و روز باقی رہیں۔ اللہ اس زیارت کو آخری نہ قرار دے۔ سلام ہو حسینؑ پر اور علیؑ بن حسینؑ پر اور اولاد حسینؑ پر اور اصحاب حسینؑ پر۔

QuranoitratAcademy 0308-2499033

زیارت عاشورہ

(پھر یوں دعا کرے)

خدایا سب سے پہلے اس پر لعنت فرما جو سب سے پہلا ظالم ہے۔ اس کے بعد دوسرا پھر تیسرا پھر چوتھا اور پانچویں درجہ میں یزید پر لعنت فرما۔ خدایا لعنت فرما عبید اللہ بن زیاد، ابن مرجانہ، ابن سعد، شمر، آل ابوسفیان، آل زیاد اور آل مروان پر روز قیامت تک۔

(اس کے بعد سجدہ میں جا کر کہے)

خدایا تیری وہ حمد ہے جو شکر گذاروں نے مصیبتوں پر کی ہے۔ شکر ہے اللہ کا میری اس عظیم اِصیبت پر۔ خدایا مجھے روز قیامت شفاعت حسینؑ عطا فرمانا اور ثبات قدم دینا حسینؑ اور اصحاب حسینؑ کے ساتھ جنھوں نے تیرے حسینؑ کے سامنے اپنی جانیں قربان کر دی ہیں۔

(علقمہ کہتے ہیں کہ حضرت نے فرمایا کہ اگر ممکن ہو کہ روزانہ اپنے گھر ہی سے اس زیارت کے ساتھ حضرت کی زیارت کرو تو تمہارے واسطہ یہ سارا ثواب ہو جائے گا۔)

QuranoitratAcademy 0308-2499033